# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | | سبق کا نام: بارش کا موسم (نظم) | |

**مقاصد:** نظم کو درست تلفظ، لے اور آہنگ سے پڑھا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم"، لفظی جیب، تین پر چیاں، مشکل الفاظ کے کارڈ، گتے کا بنا ہوا پہیا

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں سے پوچھیں:
- کیا آپ کو بارش اچھی لگتی ہے؟
- بارش میں آپ کیا کام کرنا پسند کرتے ہیں؟
- بچوں کے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو صفحہ نمبر 39 پر دی گئی تصویر دکھاتے ہوئے سوالات پوچھیں کہ آپ کو کیا نظر آ رہا ہے؟ آپ کے خیال میں یہ سبق کس موضوع سے متعلق ہے؟ درست جواب بتانے والے بچوں کو شاباش دیں

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم نظم "بارش کا موسم" پڑھیں گے۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- کسی خالی ڈبے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کر لیں۔ اس پر لکھ دیں: "لفظی جیب"۔ سبق میں دیے گئے "تلفظ سیکھیں" الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پر چیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔ بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھا لیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر با آواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 39 کھلوائیں۔

- اب بچوں کے نو گروہ بنادیں۔ میز پر گتے کا بنا ہوا ایک پہیا رکھیں، جس پر نو مختلف خانے بنے ہوں، جن میں ایک تا نو نمبر لکھے ہوں۔ کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اسے پہیا گھمانے کے لیے کہیں۔ پہیا جس نمبر پر رکے گا، وہ گروہ کے اسی مصرعے کی بلند خوانی کرے گا۔
- جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے اسی مصرعے کی بلند خوانی کرے گا۔
- نظم کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔
- مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہوگی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔
- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ مطلوبہ جملے پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنادیں۔ دونوں گروہوں کو سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہوا لفظ پڑھے اور وہ لفظ سبق کے جس جملے میں آیا ہو، اس جملے کی بلند خوانی کرے۔ اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | | سبق کا نام: بارش کا موسم (نظم) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم"، گتے کا ڈبا، چارٹ کے بنے ہوئے مٹر کے دانے

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کی چھے ٹیمیں بنا دیں۔ سبق "نئے الفاظ" میں سے کوئی سے چھے الفاظ مختلف رنگوں کی پرچیوں پر لکھ کر ان کے باہر کی جانب 1 تا 6 نمبر لکھ دیں۔
- اب انھیں بند کر کے ایک ٹوکری میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ان پر لکھے ہوئے الفاظ نظر نہ آئیں بلکہ صرف ان پر لکھے ہوئے نمبر نظر آرہے ہوں۔
- اب ہر ٹیم میں سے باری باری ایک بچے کو بلائیں اور اسے ڈبا گھما کر لڈو کے دانے کی طرح لڑھکانے کے لیے کہیں۔ اس ڈبے کی اوپر کی طرف جو نمبر لکھا ہو، بچے سے کہیں کہ وہ ٹوکری میں سے اس نمبر کی پرچی نکال کر کھولے اور اس پر لکھا ہو الفظ درست تلفظ سے پڑھے اور اس سے متعلق ایک جملہ بولے۔
- درست تلفظ ادا کرنے اور درست جملہ بنانے کے چار نمبر ہوں گے۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی دوسرے الفاظ پر باقی گروہوں سے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر جس ٹیم کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ جیت جائے گی۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق سے نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 40 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "باغیچے" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔ اور اس کا معنی "باغ" لکھیں۔

- اسی طرح یہ مشق نئے الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔
- اب بچوں سے اس لفظ کا جملہ بھی بتانے کے لیے کہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط بتانے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب بچوں کے 4 گروہ بنادیں۔ چارٹ کے بنے ہوئے 8 مٹر لیں جن کے اندر دو مٹر کے دانے ہوں۔ ایک دانے پر کتاب کے صفحہ نمبر 40 پر دیے گئے الفاظ میں سے سے ایک لفظ لکھا ہو۔ یہ مٹر ایک ٹوکری میں رکھ کر باری باری ہر گروہ یا جوڑی کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سے بھی دو مٹر اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو مٹر آیا ہے، اس پر لکھا ہو الفظ پڑھیں، مٹر کے باقی دو دانوں یا دانے پر اس لفظ کے معانی لکھیں اور نیچے پھلی میں اس لفظ پر مبنی جملہ لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ یا جوڑی سے باری باری ان کے لکھے ہوئے معانی اور جملے پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ نے درست معانی اور جملے لکھے ہوں گے، انھیں شاباش دیں۔

- ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کرلیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگ کا کاغذ چڑھالیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنادیں۔ سبق میں سے کوئی سے چار سوالات کی پرچیاں بنا کر ڈبے کی اطراف میں بنی ہوئی جیبوں میں ڈال دیں مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کا رخ اندر کی طرف کر دیں۔
- کسی ایک گروہ میں سے کسی بھی بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس جیب سے پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس بچے کو اس سوال کا جواب دینے کے لیے کہیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر مختلف بچوں سے بھی کروائیں۔ درست جوابات دینے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 45 پر دیے ہوئے الفاظ لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے الفاظ کے معانی اور ان پر مبنی جملے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ حل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے گئے الفاظ کے معانی بتائیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| بغیچے / باغیچے | | برسنا | |
| جہاں | | چھما چھم | |
| راحت | | سرسبز | |
| سرشار | | سماں | |

سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ بارش برسنے کے بعد ہمارے اِرد گرد کا ماحول کیسا ہوتا ہے؟

جواب: ________________

۲۔ اِس نظم میں کون کون سے پرندوں کا ذکر ہے؟

جواب: ________________

۳۔ بارش برسنے پر چرند اور پرند کیا کرتے ہیں؟

جواب: ________________

۴۔ شاعر اپنے آپ کو مخاطب کرتے ہوئے کیا کہہ رہا ہے؟

جواب: ________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | | سبق کا نام: بارش کا موسم (نظم) | |

**مقاصد:** درست الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کر سکیں۔

کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب۔ لفظی جیب، الفاظ کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج نظم "بارش کا موسم" سے متعلق مصرعے مکمل کرنے کی سرگرمی کریں گے۔ بچوں کو ایک بار نظم کا خاموش مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ سے مشق کے سوال نمبر 2 دیے گئے مصرعوں پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی چٹیں (Strips) دیں، جن میں لفظ لکھنے کی جگہ خالی ہو۔
- اس کے علاوہ ہر گروہ کو مصرعے پر کرنے کے لیے تین تین لفظوں کی پرچیاں بھی دیں، جن میں ایک لفظ نظم کے مطابق درست اور باقی دو الفاظ غلط ہوں۔
- اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- اس دوران مین بورڈ پر وہی ادھورے مصرعے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ تختہ تحریر پر لکھے ہوئے مصرعوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا مصرع آیا تھا، پھر خالی جگہ میں درست لفظ لکھ کر مصرع مکمل کرے اور اس کا اگلا مصرع بتا کر شعر مکمل کرے۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے دوسرے مصرعوں پر کروائیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- جماعت کے دو گروہ بنالیں دونوں گروہوں کو گروہ الف اور گروہ ب کا نام دیں۔

- گروہ 'الف' کو کالم الف پر مشتمل مصرعوں کی پرچیاں دیں۔
- گروہ 'ب' کو کالم ب پر مشتمل مصرعوں کی پرچیاں دیں۔
- اب کالم الف کے بچوں سے کہیں کہ وہ ان میں سے ایک پرچی کھول کر اس میں موجود مصرع اور بلند آواز سے پڑھیں۔
- اس کے جواب میں اس شعر کا دوسرا مصرع گروپ 'ب' کے جس بچے کے پاس موجود ہے وہ کھڑا ہو جائے اور مصرع پڑھ کر شعر مکمل کرے۔ اسی طرح تمام مصرعوں سے اشعار کی تکمیل کروائیں۔
- اس سرگرمی کے بعد بچوں سے کتاب کا کام مکمل کروائیں۔
- آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر نامکمل مصرعے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جملے مکمل کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

درست لفظ لکھ کر مصرعے مکمل کریں۔

جانِب — برسے — سرشار — بارِش — مَستی — کچھ

| | |
|---|---|
| الف) آیا ہے ________ کا موسم | ب) لُو کا بھی ________ کام نہیں ہے |
| ج) رِم جِھم رِم جِھم ________ پانی | د) ناچ رہے ہیں یہ ________ میں |
| ہ) خُوشیوں سے ________ جہاں ہے | و) ہر ________ ہے اب خُوش حالی |

کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملا کر اشعار مکمل کریں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| آیا ہے بارِش کا موسم | رِم جِھم رِم جِھم برسے پانی |
| جنّگل جنّگل ہے ہریالی | ناچ رہے ہیں یہ مستی میں |
| بارِش کی ہے یہی کہانی | ہوتی ہے اَب خُوب چَھما چَھم |
| حال بُرا ہے سب کا خُوشی میں | پُھول بھی سارے مہکے مہکے |
| سر سبز و شاداب بغیچے | ہر جانِب ہے اَب خُوش حالی |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت:سوم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:1 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | | سبق کا نام: بارش کا موسم (نظم) | |

**مقاصد:** آپس میں بات چیت کر کے اپنی پسندیدہ نظم یا اشعار سُنا سکیں۔
الفاظ کی مدد سے جملے بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت سوم کی کتاب۔ الفاظ کی پرچیاں، سیٹی،

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔
- نظم کے سوالات پر مبنی پرچیاں تیار کر لیں۔ بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کو ایک ایک سیٹی دے دیں۔
- اب پرچیوں میں سے کوئی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پوچھیں۔ جو گروہ پہلے سیٹی بجائے، اسے جواب دینے کا موقع دیں۔
- ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہیں۔ درست جواب دینے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو نظم کا خاموش مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- ان کی جوڑیاں بنائیں۔ اور آپس میں بات چیت کر کے اس کا مفہوم سمجھ کر ایک دوسرے کو نظم سنانے کے لئے کہیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ وہ بڑے ہو کر کیا بننا چاہتے ہیں؟ بچوں کے جوابات لیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک جوڑی کے بچے کو بلائیں اور اسے اپنی پسندیدہ نظم یا شعر سنانے کے لیے کہیں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک میں الفاظ اور دوسرے میں جملے کی سرخی لکھیں۔
- الفاظ والے کالم میں سوال نمبر 6 کے تحت دیئے گئے الفاظ لکھیں۔ بچوں سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروائیں۔
- اب بچوں سے ان الفاظ کے جملے بنوائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

| |
|---|
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ سوال نمبر 6 میں دیئے گئے الفاظ کو بورڈ پر لکھیں۔ متفرق بچوں کو بلا کر ان سے الفاظ کے جملے بنوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | | سبق کا نام: بارش کا موسم (نظم) | |

**مقاصد:** استعجابیہ جملوں کی نشاندہی کر سکیں۔

تذکیر و تانیث کا فرق جملوں میں واضح کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹز اردو جماعت سوم کی کتاب، گھنٹی، چارٹ کے بنے تالے چابیاں، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے دو دو بچوں کو بلا لیں۔
- اب بچوں کے ساتھ میوزیکل چیئر والی گیم کھیلیں۔ جماعت میں ایک طرف چند کرسیاں دائرے میں رکھ دیں اور بچوں کو ان کے پاس کھڑا ہونے کی ہدایت دیں۔ بچوں کی نسبت ایک کرسی کم ہو۔
- اب گھنٹی بجانا شروع کریں اور بچوں کو کرسیوں کے ارد گرد گھومنے کے لیے کہیں۔
- اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ آواز بند ہوتے ہی بچے تیزی سے کرسیوں پر بیٹھیں گے۔
- جو بچہ کھڑا رہ جائے، اس سے نظم "بارش کا موسم" سے متعلق کسی سوال کا جواب پوچھیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں اس بچے کے گروہ کے کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے ساتھ ہی پھر ایک کرسی کم کر دیں اور کھیل دوبارہ شروع کریں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی اس وقت تک کریں، جب تک آخر میں ایک کرسی اور ایک بچہ نہ رہ جائے۔ جیتنے والے بچے کے گروہ کو کوئی انعام دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم حروفِ استعجاب کے بارے میں جانیں گے۔
- اب بورڈ مختلف جملے لکھیں:

سبحان اللہ! کیسی خوبصورت مسِجد ہے۔

اوہو! یہ چٹنی تو بہت کھٹی ہے۔

- جملے پڑھیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ان جملوں میں نمایاں کیے گئے حروف "حروفِ استعجاب" ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ ایسے حروف ہیں جو کسی چیز کو دیکھ کر حیرت زدہ ہونے پر بولے جاتے ہیں۔ انھیں "حروفِ استعجاب" کہتے ہیں۔ حروفِ استعجاب کے بعد علامتِ استعجابیہ ! لگائی جاتی ہے۔
- مختلف مثالوں کے ذریعے سے ان کی وضاحت کریں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں حروفِ استعجاب اور دوسرے میں جملے کی سرخی لکھ دیں۔ اب حروفِ استعجاب والے کالم میں سوال نمبر 6 کے تحت دیے گئے حروفِ استعجاب لکھ دیں۔ بچوں سے حروف پڑھوائیں۔ اب حرفِ استعجاب "ارے واہ" بولیں اور بچوں کو سا کا جملہ بنانے کی ہدایت دیں۔ بچوں کے جوابات لیں۔ اب جملہ جملے والے کالم میں لکھیں اور پڑھائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی حروفِ استعجاب پر بھی کروائیں۔

| حروفِ استعجاب | جملے |
|---|---|
| واہ رے | واہ رے! تیرے کیا کہنے؟ |
| اللہ اللہ | اللہ اللہ! آ کیسی باتیں کرتے ہو۔ |
| اللہ اکبر | اللہ اکبر! کتنے بلند پہاڑ ہیں۔ |

- اب جماعت کے 4 گروہ بنالیں۔ سوال نمبر 8 میں دیے ہوئے حروفِ استعجاب پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی پرچیاں پلاسٹک کے انڈوں میں بند کر کے ہر گروہ کو دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ ان انڈوں میں سے پرچیاں نکال کر ان پر لکھے ہوئے حروفِ استعجاب پڑھیں اور انھیں جملوں میں استعمال کریں۔
- مقررہ وقت کے بعد ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اسے بورڈ پر متعلقہ حرفِ استعجاب والے کالم میں اس پر مبنی جملہ لکھنے اور پڑھنے کے لیے کہیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے دوسرے جملوں پر بھی کروائیں۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 9 کے تحت دیے ہوئے جملے لکھیں۔
- بچوں سے جملے پڑھوائیں۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ مالی کا مؤنث کیا ہوتا ہے؟ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔
- اب بورد پر لکھے ہوئے جملے میں خالی جگہ میں مالن لکھیں اور بچوں سے جملے کی خواندگی کروائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر مختلف بچوں سے کرواتے ہوئے خالی جگہ پر کروائیں۔
- اب جماعت کے بچوں کو 4 گروہوں میں تقسیم کریں۔

- انھیں 4 چارٹ کے بنے تالے دیں جن پر مذکر "مالی، ابّا جان، راجا، کبوتر" لکھے ہوں۔ اب 8 چابیاں لیں۔ "مالن، امّی جان، رانی، کبوتری" اور 3 کوئی سے دوسرے الفاظ کاغذ پر لکھ کر انھیں چابیوں کے ساتھ نتھی کر دیں۔ چابیاں ایک ٹوکری میں ڈال کر بچوں سے کچھ دور کسی میز پر رکھ دیں۔
- ہر گروہ کو جو تالے ملے ہوں گے، وہ ان پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھے گا اور پھر ہر گروہ میں سے ایک ایک بچہ چابی والی ٹوکری تک جا کر وہ چابیاں ڈھونڈ کر لائے گا جن پر متعلقہ مذکر کا مونث لکھا ہو گا تا کہ وہ اپنے پاس موجود تالوں کو کھول سکیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ دیں۔ سب سے پہلے مذکر کے درست مونث پر مبنی چابی تلاش کر کے تالا کھولنے والا گروہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں سے حروف استعجاب کی تعریف سنیں اور اس کی مختلف مثالیں پوچھیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں کو بلا کر انھیں دائرہ میں کھڑا کر دیں۔ ایک گیند پر حروف استعجاب "آہا، سبحان اللہ، واہ، اللہ اکبر" کی پرچیاں اس طرح سے لگا دیں کہ ان پر لکھے ہوئے حروف نظر نہ آئیں۔ گھنٹی بجانا شروع کریں اور بچوں کو گیند ایک دوسرے کو دینے کے لیے کہیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ جس بچے کے پاس گیند ہو، گیند پر سے پرچی اتار کر اس پر لکھا ہوا حروف استعجاب بتائیں اور اس بچے کو اس پر مبنی جملہ بنانے کے لیے کہیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی مختلف بچوں سے کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) حروف استعجاب "اوہو، سبحان اللہ، اوہو، سبحان اللہ، اللہ اللہ" کا استعمال کرتے ہوئے جملے کاپیوں میں لکھیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: بارش کا موسم (نظم) | |

**مقاصد:** اپنے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس کے نام چھٹی کی درخواست لکھ سکیں۔

تصاویر دیکھ کر جملے لکھ سکیں۔

روز مرہ معاملات میں رواداری اختیار کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو سوم"، درخواست لکھنے کے اصول پر مبنی پرچیاں، ٹوکری، سادہ شیٹیں

## تحریکی سرگرمی (5 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں سے مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- جس دن آپ نے کسی وجہ سے اسکول سے چھٹی کرنا ہو تو آپ اپنے استاد کو اس کے بارے میں کیسے بتاتے ہیں؟
- درخواست کس کس موضوع پر لکھی جا سکتی ہے؟
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم درخواست لکھنے کا طریقہ سیکھیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ درخواست کا مضمون انتہائی سادہ، آسان اور واضح ہونا چاہیے۔ بورڈ پر درخواست کا خاکہ بنائیں اور بچوں کو درخواست لکھنے کا نمونہ سطر بہ سطر لکھ کر بتائیں۔
- جس شخص کے نام لکھنی ہو سب سے پہلی سطر میں اس کا عہدہ اور پتا نہایت ادب سے لکھیں۔
- دوسری سطر کے درمیان میں "جنابِ عالی" لکھیں۔
- تیسری سطر "گزارش ہے یا مؤدبانہ گزارش" سے شروع کریں۔
- نفس مضمون میں گزارش ہے کے بعد اپنا مدعا تحریر کریں۔ جیسے: "مودبانہ گزارش ہے کہ مجھے گھر پر ایک ضروری کام ہے جس کی وجہ سے میں اسکول حاضر نہیں ہو سکتا۔ مہربانی فرما کر مجھے ایک دن کی رخصت عنایت فرمائیں۔ آپ کی عین نوازش ہو گی۔"
- اس کے بعد العارض کے نیچے درخواست گزار یعنی اپنا مکمل نام لکھیں۔
- اس کے بعد جماعت کے سامنے اپنی جماعت مع فریق لکھیں اور مورخہ کے سامنے تاریخ لکھیں۔

- اپنے والد صاحب یا گھر کے کسی بڑے کے دستخط ضرور کروائیں۔
- بچوں کو تمام باتیں تفصیل سے بتائیں۔
- اب ایک ٹوکری میں سرخ اور سبز رنگ کے بٹن ڈال کر ٹوکری باری باری ہر بچے کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سا بھی بٹن اٹھانے کے لیے کہیں۔ جب سب بچے بٹن اٹھالیں تو ایک جیسے رنگ کے بٹن والے بچوں کا ایک گروہ بنادیں۔
- اب ہر گروہ کو ایک ایک سادہ شیٹ دیں۔ جن پر مندرجہ ذیل عنوان لکھا ہو:
- اپنے اسکول ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام بیماری کے لیے رخصت کی درخواست لکھنا
- بچوں سے کہیں کہ وہ مل کر دیے گئے عنوان پر درخواست اپنی شیٹوں پر لکھیں۔ اس کے لیے اہم معلومات اور مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ دیں تاکہ بچوں کو لکھنے کے دوران میں کوئی مشکل پیش نہ آئے۔ بچوں کو جواب لکھنے کے لیے مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں جہاں بچوں کو کوئی مشکل پیش آئے، ان کی رہنمائی کریں۔
- اب بورڈ سوال نمبر 11 میں دی گئی تصاویر چسپاں کریں۔ بچوں سے تصویر سے متعلق مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- تصویروں میں کون کون سے موسم دکھائے گئے ہیں؟
- ان میں سے آپ کو کون سا موسم پسند ہے؟ وغیرہ
- بچوں کے جوابات لیں۔
- اب انھیں ایک ایک سادہ شیٹ اور سوال نمبر 11 کے تحت دی گئی تصاویر دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ مل کر تصاویر سے متعلق آپس میں بات چیت کریں اور پہچانیں کہ وہ تصویر کس موسم کی ہے۔ بعد ازاں اس موسم سے متعلق دس جملوں پر مشتمل عبارت شیٹوں پر لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں اور اسے اپنے گروہ کے لکھے ہوئے جملے پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی دوسرے گروہوں سے بھی کروائیں۔ اس کے بعد تینوں گروہوں کے کام کا جائزہ لیں۔ جس گروہ کے بچے نے جملے درست طور پر لکھے ہوں گے اور اس میں املا کی اغلاط بھی کم ہوں گی، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- بچوں کو بتائیں کہ گھر ہو یا اسکول یا پھر کھیل کا میدان، ایک دوسرے کی بات کو سننا، دھکّا نہ دینا، اور ایک دوسرے کی ضرورت کا خیال رکھنے کا نام ہی رواداری ہے۔

**اعادہ:** (3 منٹ) اعادے کے طور پر درخواست لکھنے کا طریقہ ایک بار پھر بتائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے موضوع سے متعلق درخواست کا متن بورڈ پر لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ)ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

اپنے اسکول ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام بیماری کے لیے رخصت کی درخواست لکھیں۔

یہ تصاویر کن کن موسموں کی ہیں؟ کم از کم تین جملے لکھیں۔







